جنسی امراض
کا
ہومیوپیتھک علاج
ہومیوپیتھک ڈاکٹر فتح شیر

نام کتاب ———— جنسی امراض کا ہومیوپیتھک علاج

مصنف ———— ہومیوپیتھک ڈاکٹر فتح شیر

تاریخ اشاعت ———— ۱۹۹۰

تعداد ———— ۳ ہزار

قیمت ———— ۲۵ روپے

طابع ———— پیپ بورڈ پرنٹرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ راولپنڈی

ناشر۔ الفتح ہومیوپیتھک دواخانہ، عابد مجید روڈ راولپنڈی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تعارف

موجودہ دور میں اِنسانی صحت کے لئے مختلف قسم کی ادویات اور آلات ایجاد ہو چکے ہیں ۔ لیکن اُس کے جنسی مسائل پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی ۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر افراد جنسی بُرائیوں اور عیاشیوں میں پڑ کر اپنی صحت تباہ کر رہے ہیں ۔ سنیما اور ٹیلی وژن کے علاوہ اشتہاری حکیم اور بیشتر دوا ساز کمپنیاں جنسی مسائل کو مشتہر کرنے اور انہیں پیچیدہ بنانے میں مصروف ہیں۔ اِس طرح اِن اداروں نے ایک سنجیدہ مسئلے کو ایک تجارتی مسئلہ بنا لیا ہے ۔

جنسی خرابیاں دُور کرنے کے لئے ہومیو پیتھک طریقۂ علاج میں نہایت اعلیٰ ادویات موجود ہیں ۔ لیکن اِن سے فائدہ صرف اِسی صورت میں اُٹھایا جاسکتا ہے ۔ جب مریض میں بیماری سے نجات حاصل کرنے کا صحیح جذبہ پیدا ہو جائے ۔ اور وُہ اُن تمام بُرے افعال سے باز آجائے جن کا وُہ مرتکب رہا ہو ۔ اگر مریض خود اپنے رویے میں فیصلہ کن تبدیلی پیدا کرنے کا اہل نہیں تو پھر اُسے کسی بھی طریقۂ علاج سے فائدہ کی توقع نہیں رکھنی چاہیے ۔

جنسی خامیوں یا بیماریوں کے لئے جو ہومیو پیتھک اور بایو کیمک ادویات استعمال ہوتی ہیں ۔ اُن کی اہم علامات اِس کتاب میں درج کر دی گئی ہیں ۔ عمدہ نتائج حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ کتاب کا بغور مطالعہ کیا جائے اور مریض کے لئے صرف ایک دوا منتخب کی جائے ایک سے زیادہ ادویات دینا یا ان کو ملا کر دینا باری باری دینا یا ادویات کو جلد جلد تبدیل کر دینے سے خاطر خواہ فائدہ حاصل نہیں ہو گا ۔

ادویات کا استعمال 30 پوٹنسی سے شروع کرنا مناسب ہے ۔ پھر حسب ضرورت دوا کی پوٹنسی کو 200، 1000 یا ایک لاکھ تک بڑھایا جا سکتا ہے ۔ بعض صورتوں میں مدر ٹنکچر، 3 ، 6 یا 12 طاقت تک گھٹایا جا سکتا ہے ۔ بائیو کیمک ادویات کا استعمال 6x سے شروع کرنا موزوں ہے ۔ پھر ضرورت کے مطابق 12x، 30x یا 1000x تک بڑھایا جا سکتا ہے ۔ دوا کی چار خوراکیں روزانہ کافی ہیں ۔ لیکن 200 یا 1000 طاقت کی ایک خوراک ہفتے میں ایک ہی دفعہ دینی چاہیے ۔ ایک لاکھ طاقت کی ایک خوراک ایک ماہ یا اس سے زیادہ عرصے کے لئے کافی ہوتی ہے ۔

فتح شیر
الفتح ہومیوپیتھک دواخانہ
عابد مجید روڈ ۔ راولپنڈی

۱۹۹۰ء

فہرست

حصہ اول (مردانہ)

مضمون	صفحہ

حصّہ اوّل

(مردانہ)

احتلام

1۔ احتلام کی پُرانی شکایت جس کی وجہ سے مریض بہت تھکاوٹ اور کمزوری محسوس کرے۔ زندگی کے معمولات سے غافل ہو جائے اور اپنی پسندیدہ چیزوں سے بھی اُسے لگاؤ نہ رہے۔ مریض اپنی صحت کے متعلق ہر وقت فکر مند رہتا ہو۔

فاسفورک ایسڈ

2۔ ایسے مریض میں احتلام کی شکایت جو اکثر سر درد اور ہاضمہ کی خرابی میں مبتلا رہتا ہو۔ رہنے سہنے، کھانے پینے میں عیاش ہو۔ مسالہ دار غذائیں استعمال کرے۔ کثرتِ مباشرت یا جلق لگانے کا عادی رہا ہو۔ احتلام زیادہ تر صبح کے وقت ہوتا ہو۔

نکس وامیکا

3۔ بکثرت احتلام کی وجہ سے مریض بہت کمزور ہو جائے۔ مریض غلیظ جو جِلد کی تکالیف میں مبتلا رہتا ہو۔ ہاتھ، پاؤں اور سر کی چوٹی میں عموماً جلن کا احساس بھی پایا جاتا ہو۔

سلفر

4۔ موٹے، پلپلے افراد میں احتلام۔ احتلام کے بعد تمام جسم پر خصوصاً ہاتھ پاؤں پر پسینہ آجائے۔ احتلام صبح 3 بجے سے تھوڑا بعد ہو۔ **کلکیریا کارب**

5۔ جنسی خواہشات دب جانے سے احتلام ہونے لگے۔ خصیوں میں درد رہتا ہو چکر آتے ہوں۔ **کونیم**

6۔ کثرت مباشرت یا جلق کی وجہ سے اکثر احتلام ہو جاتا ہو۔ مریض کے ذہن پر ہر وقت جنسی خیالات چھائے رہتے ہوں۔ **سٹفی سائیگیریا**

7۔ احتلام و جریان ایسے افراد میں جو برسوں جلق لگانے کے عادی رہے ہوں۔ گہری نیند میں احتلام ہو جائے لیکن مریض کو جاگ بھی نہ آئے۔ نبض سست ہو اور دل کی تکلیف بھی ساتھ ہو تو یہ ترجیحی دوا ہے۔ **ڈجی ٹیلس**

8۔ بکثرت احتلام کی وجہ سے شدید کمزوری، غشی اور اندھاپن ہو جائے۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہو۔ کانوں میں گھنٹیاں سی بجتی ہوں۔ پیٹ ہوا سے پھولا رہے۔ **چائنا**

بغیر ایستادگی کے احتلام

1۔ احتلام عموماً جلق لگانے کا نتیجہ ہو۔ عضو ٹھنڈا، ڈھیلا، لٹکا ہوا۔ مریض ذہنی لحاظ سے صحت مند لیکن جسمانی طور پر کمزور ہو۔ **لائیکوپوڈیم**

2۔ احتلام جلق لگانے کی وجہ سے ہو۔ مریض کے ذہن میں ہر وقت جنسی خیالات کی کثرت رہے۔ — سٹفی سائیگیریا
3۔ احتلام کے بعد گھٹنوں میں کمزوری آجائے۔ — ڈائسکوریا
4۔ احتلام کے بعد کمر درد ہونے لگے۔ — کوبالٹم
5۔ احتلام کے بعد ٹانگیں ٹھنڈی ہو جائیں۔ — گریفائٹس

خون آنا

1۔ احتلام میں خون آئے یا خون آمیز مواد خارج ہو۔ — مرک سال۔ کینتھرس
لیڈم پال۔ سلوسپرلا
پٹرولیم۔ لیکیسز۔

وقت اور وقفہ

1۔ احتلام اکثر صبح کے وقت ہوتا ہو۔ — نکس وامیکا
2۔ احتلام صبح تین بجے سے تھوڑا بعد ہوتا ہو۔ — کلکیریا کارب
3۔ تقریباً ہر رات ہو جاتا ہو۔ — نیٹرم فاس
4۔ جلق کے نتیجے میں احتلام تقریباً ہر رات ہو ۔ ایستادگی نہ ہو ۔ عضو تناسل مرجھایا ہوا ۔ — ارجنٹم میٹ
5۔ ہر دوسری رات ہو جائے۔ — پکرک ایسڈ
6۔ ہر تیسری یا چوتھی رات ہو جائے۔ — نکس وامیکا
7۔ احتلام بکثرت ہوتا ہو ۔ رات کو دو دو، تین تین بار ہو جائے ۔ بعد میں گھٹنوں میں شدید کمزوری محسوس ہو۔ — ڈائسکوریا

جنسی خواب اور احتلام

1۔ جنسی خواب دیکھنے سے صبح کے وقت احتلام جو ہر تیسری یا چوتھی رات کو ہو جایا کرے۔ — نکس وامیکا

2۔ جنسی خواب دیکھنے سے اکثر احتلام ہو جاتا ہو ۔ صبح نیم خوابی کی حالت میں ایستادگی ہو۔ لیکن جاگ اُٹھنے پر ایستادگی ختم ہو جائے ۔ جس بات کے متعلق سوچتا سوچتا سو جائے ۔ اُسی کے خواب ساری رات نظر آئیں۔ — کیلیڈیم

3۔ جنسی خواب دیکھنے سے کثرتِ احتلام جو نامردی کا باعث بنے ۔ جنسی خیالات مریض کے ذہن پر سوار رہیں۔ — فاسفورس

4۔ جنسی خواب دیکھنے سے احتلام۔ مریض کے ذہن پر ہر وقت جنسی خیلات مسلط رہیں ۔ مریض اپنی صحت کی خرابی کے متعلق بہت فکر مند ہو (فاسفورک ایسڈ)

5۔ جنسی خواب دیکھنے سے احتلام ہو جانے کی چند دیگر ادویات — سٹفی سائیگیریا، سیلنیم۔ سارسپریلا، ڈائسکوریا

بغیر خواب کے احتلام

1۔ بغیر خواب کے احتلام ہو جائے۔ — ارجنٹم نائٹ ۔ پکرک ایسڈ جیلسمیم، ڈجی ٹیلس

بائیوکیمک ادویات

1۔ احتلام بغیر ایستادگی کے ہو جائے ۔ مادہ منویہ درد کے ساتھ خارج ہو ۔ اعصابی کمزوری بھی ہو۔ — کالی فاس

2۔ خواب کے بغیر احتلام ہو ۔ مادہ منویہ پانی کی طرح پتلا ہو معدے میں تیزابیت، پیٹ میں کیڑے ہوں۔ — نیٹرم فاس

3۔ ذہن ہر وقت جنسی خیالات میں مبتلا رہے ۔ اسی وجہ سے احتلام ہو جاتا ہو۔ — سلیشیا

4۔ احتلام کے بعد سردی اور سستی محسوس کرے اور شہوت کا زور ہو جائے۔ — نیٹرم میور

5۔ جنسی خواب دیکھنے سے احتلام ہو جائے ۔ مریض پست ہمت، غمگین چڑچڑا اور شرمیلا ہو۔ — کالی فاس

ایستادگی

ایستادگی کی شدت

1۔ شدید ایستادگی خصوصاً رات کے وقت جس کی وجہ سے عضو میں درد ہو۔ مریض تمام رات بے چینی سے گزارے۔ — پکرک ایسڈ

2۔ خواہش کی زیادتی جس کی وجہ سے نہایت تیز اور مسلسل ایستادگی رہے۔ رات کی شدید ایستادگی سے نیند میں خلل آجائے (پکرک ایسڈ) — کینتھرس

3۔ خواہش کی زیادتی کی وجہ سے تکلیف دہ ایستادگی جس کے بعد پیشاب کی نالی میں سوئیاں کھینچنے کا احساس ہو۔ — کناَبس سٹائیوا

4۔ بار بار ایستادگی جس پر قابو پانا مشکل ہو جائے۔ حد سے بڑھی ہوئی جماع کی خواہش۔ مریض کو جماع کا جنون ہو۔ — فاسفورس

5۔ شدید ایستادگی جس سے پیٹ میں درد ہونے لگے۔ مادہ منویہ مشکل سے خارج ہو یا اس کا اخراج نامکمل ہو۔ — زنکم میٹ

6۔ شدید ایستادگی کی چند دیگر ادویات۔ — پلاٹینا - پلسا ٹیلا۔ نکس وامیکا، فلورک ایسڈ

ایستادگی کے اوقات اور مواقع وغیرہ

1۔ جماع کا خیال آتے ہی فوراً ایستادگی ہو جائے۔	فاسفورس۔ زنکم میٹ
2۔ ایستادگی دیر سے ہو۔	بریٹا کارب
3۔ ایستادگی صبح کے وقت ہو۔	امونیا کارب۔ اگنس کاسٹس
4۔ صبح نیم خوابی کی حالت میں ایستادگی ہو جو جاگنے پر ختم ہو جائے۔	کیلیڈیم
5۔ صبح کے وقت جماع کی خواہش کے بغیر ایستادگی ہو۔ عضو تُن اور اُس کے سرے پر شہوانی خارش ہو۔	امبرا گریسیا
6۔ نیند کی حالت میں ایستادگی ہو لیکن جاگنے پر ختم ہو جائے۔	اوپیم
7۔ ایستادگی صرف رات کے وقت ہو۔	پکرک ایسڈ کینتھرس۔ پلاٹینا فاسفورس۔ آرم میٹ فلورک ایسڈ۔ نائٹرک ایسڈ۔
8۔ ایستادگی لگاتار رہے۔	کینتھرس
9۔ بوڑھے آدمیوں میں بکثرت ایستادگی۔	کاسٹیکم
10۔ لیٹ جانے پر ایستادگی ہو جائے۔	اگزالک ایسڈ

11۔ کھانسنے سے ایستادگی ہو جائے۔ — کینتھرس
12۔ پیشاب کرنے کے بعد ایستادگی ہو جائے۔ — نیٹرم کارب
13۔ گاڑی میں سوار ہونے سے ایستادگی ہو جائے۔ — کلکیریا فاس
14۔ گھوڑے پر سواری کرنے سے ایستادگی ہو جائے۔ — کنائس انڈیکا
15۔ انزال کے بعد ایستادگی ہو جائے۔ — فاسفورک ایسڈ

نامکمل ایستادگی

1۔ بوس وکنار اور دوسرے جنسی ہیجانات سے بھی ایستادگی نہ ہو۔ — کیلیڈیم۔ نیوفرلٹیم
2۔ جماع میں ایستادگی کے بغیر ہی انزال ہو جائے۔ — کیلیڈیم۔ جیلسمیم
3۔ ایستادگی برائے نام ہو۔ انزال کے بعد کمزوری اور چڑچڑاپن آجائے۔ — سیلنیم
4۔ ایستادگی موجود ہو لیکن جماع کی کوشش پر عضو ڈھیلا پڑ جائے۔ — کیلیڈیم۔ سیلنیم۔ اگنس کاسٹس۔ ارجنٹم میٹ
5۔ جماع کے دوران ایستادگی نامکمل ہو۔ — فاسفورک ایسڈ۔ اگنس کاسٹس۔ گریفائٹس۔ سلفر۔ کونیم۔ لائیکوپوڈیم۔ سیپیا

6۔ بغیر ایستادگی کے جماع کی خواہش ہو۔ — کیلیڈیم۔ کونیم۔ لائیکوپوڈیم۔ گریفائٹس

بایوکیمک ادویات

1۔ ایستادگی کے وقت عضو میں کجی اور درد ہو۔ درد کی وجہ عموماً سوزاک ہو۔ — نیٹرم فاس۔ میگنیشیا فاس۔ کالی فاس

2۔ ایستادگی تکلیف دہ ہو۔ — کلکیریا فاس۔ نیٹرم سلف

3۔ رات کے وقت تکلیف دہ ایستادگی ہو۔ — فیرم فاس۔ سلیشیا

4۔ گاڑی میں سوار ہوتے وقت ایستادگی ہو جائے۔ جس میں جماع کی خواہش نہ ہو۔ — کلکیریا فاس

بغل گیری

1۔ ایستادگی موجود ہو لیکن بغل گیر ہوتے ہی ختم ہو جائے۔ — نکس وامیکا

2۔ ایستادگی بغل گیر ہونے پر ہی ختم ہو جائے یا انزال ہو جائے۔ — کونیم

3۔ بغل گیر ہوتے ہی انزال ہو جائے۔ — زنکم میٹ

4۔ جماع کی خواہش زیادہ ہو لیکن جماع نہ کر سکے۔ ایستادگی بغل گیر ہونے پر ہی ختم ہو جائے۔ — گیلیڈیم۔ سیلنیم۔ لائیکوپوڈیم۔ کونیم۔ کلکیریا کارب

5۔ بغل گیر ہونے پر بھی ایستادگی نہ ہو۔ — سیلنیم

6۔ بغل گیری ہی میں سو جائے۔ — لائیکو پوڈیم

7۔ بغل گیر ہونے کی بڑھی ہوئی خواہش ہو۔ — میوریکس

8۔ ساتھ کھڑے لوگوں سے بغل گیر ہونے کی خواہش۔ — پلاٹینا۔ اگریکس

انزال

1۔ انزال کے بعد تکلیف ہو جائے۔ — نکس وامیکا۔ کالی کارب

2۔ جماع میں بغیر ایستادگی کے انزال ہو جائے۔ — کیلیڈیم۔ جیلسمیم

3۔ مکمل ایستادگی سے پہلے ہی انزال ہو جائے۔ انزال درد کے ساتھ ہو۔ — سلفر

4۔ انزال میں بکثرت منی خارج ہو۔ — نکس وامیکا۔ سٹفی سائیگریا۔ فاسفورک ایسڈ

5۔ انزال بہت دیر سے ہو۔ — کلکیریا کارب

6۔ انزال دیر سے ہو۔ اور بعض اوقات ہو ہی نہیں۔ — گریفائٹس۔ نانی سین

7۔ انزال میں ایسے محسوس ہو۔ جیسے مادہ منویہ چھیل دینے والا ہے۔ — کونیم

سرعتِ انزال (دیکھئے بغل گیری بھی)

1۔ مکمل ایستادگی سے پہلے یا اس کے فوراً ہی بعد انزال ہو جائے۔ — سلفر۔ فاسفورک ایسڈ

2۔ دخول سے پہلے ہی انزال ہو جائے۔ منی کا اخراج درد کے ساتھ ہو۔ — سلفر

3۔ جماع کی خواہش بڑھی ہوئی ہو۔ لیکن عضو کمزور ہو۔ جلد انزال ہو جائے۔ — نیٹرم میور

4۔ جماع کے دوران جلد ہی انزال ہو جائے۔ — گریفائٹس۔ زنکم میٹ

5۔ سرعتِ انزال۔ ایستادگی برائے نام۔ جماع کرنے پر خود اعتمادی نہ ہو۔ — سیلنیم

6۔ سرعتِ انزال۔ جماع کے بعد کمر درد اور کمزوری ہو جائے۔ — سٹفی سائیگیریا

7۔ سرعتِ انزال، جریان، نامردی جو جلق لگانے کی وجہ سے ہو جائیں۔ — یوفو

عورت کی موجودگی

1۔ عورت کی قربت سے، اُسے دیکھنے سے یا اُس کا خیال آنے سے ہی انزال ہو جائے۔ — کونیم۔ سیلنیم پکرک ایسڈ۔

2۔ عورت کو چھونے سے ہی انزال ہو جائے۔ — میوریکس

3۔ عورت کی قربت سے، جماع کا خیال آنے سے یا بوس و کنار سے انزال ہو جائے۔ — کونیم

بایو کیمک ادویات

1۔ سرعتِ انزال — کلکیریا فاس۔ کالی فاس۔ نیٹرم میور

جریان

1۔ اُٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے اور پاخانہ کرتے وقت منی یا مذی کے قطرے خارج ہوتے رہیں۔ — سیلنیم

2۔ بوس وکنار کے دوران مذی خارج ہونے لگے۔ — کونیم۔ اگنس کاسٹس

3۔ پاخانہ پر زور لگانے سے مذی کے قطرے بہنے لگیں۔ — ایلومینا۔ اناکارڈیم۔ اگنس کاسٹس

4۔ قبض کی وجہ سے پیشاب کے ساتھ منی یا مذی کے قطرے خارج ہوں۔ — نکس وامیکا۔ سلفر

5۔ مشت زنی یا کثرتِ مباشرت سے جریان منی ہو جائے۔ — فاسفورک ایسڈ۔ سٹفی سائیگیریا۔ فاسفورس۔ سیوفو۔

6۔ منی یا مذی کے قطرے گرتے رہنے سے نظر کمزور ہو جائے۔ — کالی کارب

7۔ جریان جب کہ دل کی غیر معمولی دھڑکن بھی ہو۔ — ڈجی ٹیلس۔ بریٹا کارب

بایوکیمک ادویات

1۔ جریان منی یا مذی — نیٹرم فاس۔ کالی فاس۔ نیٹرم میور سلیشیا۔ کلکیریا سلف

مادہ منویہ

1۔ پانی کی طرح پتلا ہو۔	سیلنیم۔ سلفر۔ سیپیا۔ نیٹرم فاس
2۔ خونی ہو۔	لائیکوپوڈیم۔ فلورک ایسڈ
3۔ خون آمیز ہو۔	مرک سال۔ لیڈم۔ سارسپریلا۔ سنابرس
4۔ جس کی تیز بُو ہو۔	لیکیس
5۔ بُو گندے پیشاب کی مانند ہو۔	نیٹرم فاس
6۔ گرم ہو۔	کلکیریا کارب۔ ٹرنٹولا کیوبنس۔ اگریکس
7۔ ٹھنڈا ہو	نیٹرم میور

جلق

(مشت زنی، خودلذتی)

عادت، رجحان

1۔ جلق لگانے کا زبردست رجحان ہو

یوفو۔ پلاٹینا۔ اوریگانم

سٹفی سائیگیریا

فاسفورک ایسڈ

لیکیس۔

2۔ مریض جلق لگانے کی وجہ سے انتہائی پشیمان ہو۔ اور اپنی صحت کی خرابی سے فکرمند رہتا ہو۔ جلق لگانے اور اغلام بازی کی عادت چھڑانے کے لئے مفید ہے۔

فاسفورک ایسڈ

3۔ مریض تنہا جگہ کی تلاش میں رہتا ہو تاکہ مشت زنی کر سکے۔ اسی وجہ سے سرعتِ انزال، جریان اور نامردی ہو جائے۔

یوفو

4۔ بڑھی ہوئی جنسی خواہش اسے پاگل سا بنا ڈالے (فاسفورس) اور جلق لگانے کی طرف مائل کر دے۔ جلق

لگانے کی عادت اور اس کے برے اثرات کو ختم کرنے کے لئے قابل اعتماد ادویات ہیں (فاسفورک ایسڈ) اور بیکانم۔ اسٹیگو

5۔ ایسے مریض میں جلق کی عادت دُور کرے جسے صبح غنودگی کی حالت میں ایستادگی ہو لیکن جاگ اٹھنے پر ایستادگی ختم ہو جائے۔ عضو سرد، لٹکا ہوا اور پلپلا ہو۔ کیلیڈیم

6۔ جماع کی خواہش دب جانے سے اگر مریض جلق لگانے لگے تو اُس کی عادت کو روکے گی۔ اگر مریض کو چکر بھی آتے ہوں تو ترجیحی دوا ہے۔ کونیم

7۔ بلوغت سے پہلے ہی جلق لگانے کا عادی ہو جائے۔ نیند کے دوران مشت زنی کرے۔ جلق لگانے کی عادت اور اس کے بُرے اثرات کو دُور کرتی ہیں۔ نکس وامیکا۔ پلاٹینا

جلق سے تکالیف (دیکھئے بد اثرات بھی)

1۔ جلق باز جو اعصابی تکالیف اور ذہنی و جسمانی کمزوری میں مبتلا ہو جائیں۔ مریض مرد ہو یا عورت۔ کالی فاس۔ جیلسمیم

2۔ نوجوان جو جلق لگانے یا کثرتِ مباشرت سے نامرد ہو جائیں لائیکوپوڈیم۔ کیلیڈیم

3۔ جلق لگانے سے شدید کمزوری یا دیوانگی ہو جائے۔ مریض کی آنکھوں کے نیچے سیاہی مائل نشان ہوں۔ مریض چڑچڑا ہو۔ اور اس میں شرمیلا پن پایا جائے۔ مشت زنی چھڑانے کے لئے بہت اچھی دوا ہے (اسٹیلگو) سلفر۔ سانگریا

4۔ جلق لگانے یا کثرتِ مباشرت سے عضو لوتھڑے کی مانند ڈھیلا ہو جائے۔

کیلیڈیم۔
جیلسمیم۔
اگنس کاسٹس

بایوکیمک ادویات

1۔ جلق لگانے کا رجحان ہو۔ — کلکیریا فاس

2۔ جلق لگانے کی وجہ سے اعصابی کمزوری۔ مریض شرمیلا چڑچڑا اور کم ہمت ہو جائے۔ — کالی فاس

جماع

خواہش کی زیادتی

1۔ جماع کی خواہش زیادہ ہو لیکن جماع نہ کر سکے۔ ایستادگی بغل گیر ہونے پر ہی ختم ہو جائے۔

کیلیڈیم۔ سیلفیم۔ کونیم۔ نکس وامیکا لائیکوپوڈیم۔

2۔ جنسی خیالات زیادہ ہوں لیکن طاقتِ جماع ختم ہو جائے۔ عام جسمانی اور ذہنی کمزوری۔ جماع کرنے پر خود اعتمادی نہ ہو

سیلفیم

3۔ ایک ہی رات میں کئی بار جماع کرنا چاہے۔ لیکن جماع کے بعد ذہنی اور جسمانی کمزوری ہو جائے۔ مریض اپنی صحت کی خرابی سے فکر مند رہے۔

فاسفورک ایسڈ

4۔ جماع کی شدید خواہش ہو۔ دھیان ہر وقت جنسی معاملات میں لگا رہے۔

سٹفی سائیگیریا

5۔ بوڑھے آدمیوں میں جماع کی خواہش بڑھ جائے۔ لیکن دراصل وہ نامرد ہوں۔

لائیکوپوڈیم۔سیلفیم

6۔ جماع کی خواہش جنون کی حد تک بڑھ جائے۔ اپنے آپ کو تنگ کر دے جبکہ جماع کی طاقت کم ہو گئی ہو۔

فاسفورس

7۔ جماع کی شدید خواہش ہو۔ دخول کے ساتھ ہی انزال ہو جائے۔ اس کے برعکس جماع سے بے رغبتی اور ایستادگی کا بالکل نہ ہونا بھی پایا جاتا ہے۔

گریفائٹس

8۔ کبھی جماع کی خواہش بہت زیادہ ہو اور کبھی اس کی رغبت ہی نہ رہے

پلساٹیلا

9۔ جماع کی شدید خواہش کے ساتھ بدن میں لرزہ آجائے۔

پلاٹینا

10۔ مرد یا عورت میں جماع کی خواہش بڑھ جائے خواہ بوڑھے ہی ہوں۔

ماسکس

11۔ کسی دوسری تکلیف کے دب جانے سے جماع کی خواہش بڑھ جائے۔

کونیم۔ پلساٹیلا۔
کیمفر۔ لائی سین

خواہش کی کمی

1۔ جماع کی رغبت ہی نہ رہے

گریفائٹس۔
نیوفرلیٹم۔ سلفر

2۔ جماع کی خواہش ہی نہ رہے اور نہ ہی جماع کرنے کی طاقت ہو۔

اگنس کاسٹس۔
کیلیڈیم۔ سیلینیم۔
اناسموڈیم

3۔ مرد یا عورت کو جماع سے نفرت ہو جائے۔

گریفائٹس۔ سیپیا

4۔ موٹے آدمی میں جماع کی خواہش نہ رہے

کالی بائی

5۔ جماع کی خواہش کبھی کم اور کبھی زیادہ ہوتی رہے۔ جماع میں لطف نہ آئے۔ عضو ٹھنڈا۔ — لائیکوپوڈیم

6۔ جماع کی خواہش کم ہو جانے کی چند دیگر ادویات۔ — سنففی سائیکیریا۔ سلیشیا۔ برشاکارب

جماع کے دوران

1۔ تکلیف بڑھ جائے۔ — گینتھرس۔ سیلنیم گریفائٹس۔ کالی کارب

2۔ درد ہونے لگے۔ — ارجنٹم نائٹ۔ کلکیریا کارب سیبل سیرولیٹا

3۔ انزال نہ ہو — گریفائٹس۔ ملی لوٹس

4۔ انزال سے درد ہونے لگے — سلفر۔ مرک سال

5۔ انزال میں مادہ منویہ ٹھنڈا ہو۔ — نیٹرم میور

6۔ انزال میں مادہ گرم ہو جس سے پیشاب کی نالی میں جلن ہونے لگے۔ — اگریکس

7۔ لطف آنے کے کچھ وقت بعد ہی منی خارج ہو یا جماع میں لطف نہ آئے عضو پر گدگدی ہونے لگے جس کی وجہ سے علیحدہ ہونا پڑے۔ — کلکیریا کارب

8۔ عضو ڈھیلا پڑ جائے۔ — کیلیڈیم

9۔ تشنج ہو جائے۔ — یوفو

10۔ نیند آ جائے — لائیکوپوڈیم۔

برشا کارب

جماع کے بعد

1۔ تکالیف پیدا ہو جائیں — اگریکس۔

کالی کارب

کلکیریا کارب

سلیشیا۔ سیپیا

2۔ احتلام ہو جائے۔ — کالی کارب۔

برشا کارب۔

نیٹرم میور

3۔ انزال میں بکثرت منی خارج ہو۔ — فاسفورک ایسڈ

4۔ بے چینی ہو جائے۔ — سیپیا

5۔ بے چینی، کاہلی اور کمزوری ہو جائے۔ — کلکیریا کارب۔

سیلنیم

6۔ باتیں بھولنے لگے۔

فاسفورک ایسڈ۔ نیٹرم فاس

7۔ پسینہ آجائے

نیٹرم فاس۔ گریفائٹس

8۔ ہاتھوں پر ٹھنڈا پسینہ آجائے۔ ذہنی اور جسمانی کمزوری محسوس ہوکر اور سر میں درد ہو۔ ٹانگیں کانپنے لگیں۔

کلکیریا کارب

9۔ پیشاب کی حاجت ہو جائے۔

سنگی سانگیریا

10۔ پیشاب کرنا مشکل ہو جائے۔

سیبل سیرولیٹا

11۔ پیشاب کی نالی میں درد ہونے لگے۔

کینتھرس

12۔ تشنج ہو جائے۔ بھوک لگ جائے

اگریکس

13۔ ٹانگیں ٹھنڈی ہو جائیں۔

گریفائٹس

14۔ کمزوری بہت ہو جائے۔ ٹانگیں کانپنے لگیں۔

کلکیریا کارب

15۔ عضو میں جلن ہونے لگے۔

کریازوٹ

16۔ خصیے سکڑنے لگیں۔

آئیوڈیم۔ سیبل سیرولیٹا

17۔ کئی قسم کی تکالیف پیدا ہوں۔ خصوصاً چکر آنے لگیں۔

سیپیا۔ بووسٹا

18۔ دانت، درد ہونے لگے۔

ڈافن

19۔ جماع کی کوشش پر دمہ ہو جائے۔

امبرا گریسیا

20۔ ریڑھ کی ہڈی میں تکلیف محسوس ہونے لگے۔

اگریکس۔ کالی فاس

21۔ سوچ بچار کرنا مشکل ہو جائے۔

فاسفورک ایسڈ

22۔ غش کھا جائے۔

اگریکس۔

علامات	ادویات
23۔ قے یا متلی ہونے لگے۔	ماسکس
24۔ کمر درد ہونے لگے۔	کالی کارب۔ کوبالٹم۔ کنابس انڈیکا اگریکس۔
25۔ شدید جسمانی کمزوری ہو جائے۔	کالی فاس۔ چائنا۔ سیلنیم۔ فاسفورک ایسڈ۔ نکس وامیکا۔ کلکیریا کارب۔ فاسفورس۔ نیٹرم میور سٹفی سائیکیریا۔ اناکارڈیم۔ اگنس کاسٹس
26۔ شدید جسمانی اور دماغی کمزوری ہو جائے	فاسفورک ایسڈ
27۔ گھٹنوں میں کمزوری آجائے۔	کلکیریا کارب
28۔ مریض چڑچڑا اور حساس ہو جائے۔	سیلنیم۔ سلیشیا سٹفی سائیکیریا۔
29۔ غمگین ہو جائے۔	کلکیریا کارب۔ سیپیا۔ نکس وامیکا۔ کوکیم سٹفی سائیکیریا۔
30۔ مریض اپنے گذشتہ بُرے افعال پر پچھتائے۔ صحت کی خرابی سے بہت فکر مند ہو۔	فاسفورک ایسڈ۔ سٹفی سائیکیریا

31۔ خوش مزاج ہو جائے۔ — نیٹرم میور

32۔ خوشی اور ہلکا پن کا احساس ہو۔ — اگریکس

33۔ اعضائے مستقیم میں ٹیس اٹھے۔ — مرک کار

34۔ نظر مدہم ہو جائے۔ — کالی کارب۔

فاسفورس۔ سیپیا

35۔ بے خوابی ہو جائے۔ — اگریکس

بایوکیمک ادویات

1۔ جماع کی خواہش شدید ہو — کالی فاس۔

کلکیریا فاس

نیٹرم فاس

میگنیشیا فاس۔ سلیشیا

2۔ ہر وقت جنسی خیالات ذہن پر مسلط رہیں۔ — سلیشیا۔ کلکیریا فاس

3۔ جماع کی خواہش ختم ہو جائے۔ — کالی فاس۔

فیرم فاس

4۔ جماع کی خواہش کم ہو جائے یا بالکل نہ رہے۔ — کالی سلف

5۔ جماع کے بعد کمزوری ہو جائے۔ نظر کمزور ہو جائے۔ درد ہونے لگے۔ — کالی فاس

6۔ جماع کے دوران یا اس کے بعد متلی ہونے لگے۔ — سلیشیا

7۔ انزال کے بعد تکالیف میں زیادتی ہو جائے۔ — سلیشیا۔

نیٹرم میور۔

نیٹرم فاس۔

کلکیریافاس۔

کالی فاس

8۔ صبح کے وقت خواہش زیادہ ہو۔ — کالی فاس

نامردی

1۔ نامردی جو کثرتِ مباشرت، احتلام اور مشت زنی کی وجہ سے ہو مریض غُصیل، محتاط اور بیٹھے بیٹھے کام کرنے والا ہو۔ کھانے پینے میں عیاشی برتے۔ سر درد، کمر درد، قبض اور بواسیر میں مبتلا ہو۔ (یہ دوا خاطر خواہ فائدہ نہ دے تو سلفر دیں) — نکس وامیکا

2۔ نامردی، مریض میں خواہش جماع ہی نہ رہے۔ اکثر احتلام ہوتا رہے سرعتِ انزال ہو۔ مریض شدید نقاہت محسوس کرے۔ کمر درد اور ہاضمے کی خرابیوں میں مبتلا ہو۔ جسم کے مختلف اعضا میں جلن، خصوصاً ہاتھ، پاؤں اور سر کی چوٹی میں جلن اس دوا کی مخصوص علامت ہے۔ — سلفر

3۔ موٹے، پلپلے، مریضوں کی نامردی کی دوا ہے۔ جو سردی زیادہ محسوس کرتے ہوں۔ انزال کے بعد مریض کو پسینہ آجاتا ہو۔ خصوصاً ہاتھوں پر ٹھنڈا پسینہ آنے جماع کے بعد سر اور کمر میں درد ہونے لگے۔ — کلکیریا کارب

4۔ کثرتِ مباشرت اور مشت زنی کی وجہ سے نامردی۔ خواہش جماع کم ہو جائے۔ عضو چھوٹا، ٹھنڈا اور ڈھیلا ہو۔ ایستادگی کم ہو۔ بوڑھوں کی نامردی میں یہ دوا بہت کار آمد ہے۔ کثرت تمباکو نوشی سے نامردی کے لئے بھی یہ دوا مفید ہے۔ — لائیکوپوڈیم

5۔ عضو میں ایستادگی نہ ہو۔ جماع کے وقت عضو ڈھیلا ہو جائے۔ انزال ایستادگی کے فوراً بعد اور کبھی ایستادگی سے پہلے ہی ہو جائے اس کے بعد مریض ٹانگوں میں کمزوری محسوس کرے۔ اکثر ریڑھ کی ہڈی میں جلن کا احساس بھی ہوتا ہو۔ جو رات کے وقت بڑھ جاتا ہو۔ **فاسفورک ایسڈ**

6۔ مکمل نامردی جو کثرتِ جماع سے یا بار بار سوزاک ہو جانے سے ہو گئی ہو (تھوجا۔ میڈورینم)۔ خواہش جماع بالکل نہ رہے۔ عضو سرد اور پلپلا ہو جائے۔ بوڑھے افراد کی نامردی جو جوانوں جیسی خواہش جماع رکھتے ہوں۔ مریض قبل از وقت بوڑھا ہو جائے۔ **اگنس کاسٹس**

7۔ کثرتِ مباشرت یا جلق کی وجہ سے نامردی۔ جماع کی خواہش زیادہ ہو لیکن جماع کی کوشش پر ایستادگی ختم ہو جائے۔ صبح غنودگی کی حالت میں تو ایستادگی موجود ہو لیکن جاگ اٹھنے پر ختم ہو جائے۔ **کیلیڈیم**

8۔ نامردی، جماع کی خواہش زیادہ ہو۔ لیکن عملی طور پر نامرد ہو۔ عضو کمزور اور ایستادگی بہت دیر کے بعد ہو۔ جماع کے بعد کمزوری اور چڑچڑا پن آجائے۔ جماع کرنے پر خود اعتمادی نہ رہے۔ اکثر منی یا مذی بہتی رہے۔ **سیلنیم**

9۔ کثرتِ جماع یا جلق کی وجہ سے نامردی ہو جائے۔ مریض غمگین، چڑچڑا اور شرمیلا ہو۔ جسمانی طور پر کمزور ہو۔ چہرہ مرجھایا ہوا ہو۔ اور آنکھوں کے نیچے حلقے پڑ جائیں۔ مریض کے ذہن پر ہر وقت جنسی خیالات مسلط رہیں۔ **سٹفی سائیگیریا**

10۔ نامردی جس میں ایستادگی کم اور تھوڑے وقت کے لئے ہو۔ بغل گیر ہوتے ہی ایستادگی ختم ہو جائے یا انزال ہو جائے۔ زیادہ عرصہ تک کنوارا رہنے کی وجہ سے نامردی ہو جائے۔ — کونیم

11۔ جماع کی خواہش جنون کی حد تک ہو۔ لیکن کثرتِ جماع، کثرتِ احتلام، جلق یا ٹنگ کے زیادہ استعمال کی وجہ سے نامردی ہو جائے۔ جماع کے خیالات بہت زیادہ ہوں اور جماع کی خواہش کا روکنا مشکل ہو جائے۔ تاہم نامردی ہو۔ — فاسفورس

نامردی کی چند دیگر ادویات

1۔ کثرتِ جماع کی وجہ سے جماع کی خواہش ہی نہ رہے۔ لہذا نامردی ہو جائے۔ — گریفائٹس

2۔ عضو کی شدید کمزوری، نامردی، بغیر ایستادگی کے احتلام ہو جائے، کمزوری کی وجہ سے کانپے۔ خصیوں پر پسینہ آئے۔ — جیلسمیم

3۔ مادہ منویہ کے ضائع ہو جانے کی وجہ سے نامردی ہو جائے۔ — چائنا

4۔ ذیابیطس کے ساتھ نامردی بھی ہو۔ — ماسکس

5۔ عضو کی شدید کمزوری اور مادہ منویہ کے پتلا ہو جانے سے نامردی۔ — برائٹا کارب

6۔ چوٹ لگ جانے سے نامردی ہو جائے۔ — آرنیکا۔ ہائپریکم

7۔ نامردی، جماع نہ کر سکے۔ عضو ڈھیلا ہو۔ جماع کی بڑھی ہوئی خواہش ہو۔

لائیکوپوڈیم۔
کیلیڈیم۔
جیلسمیم۔ سیلنیم۔

8۔ نامردی، جماع کی کوشش پر ایستادگی ختم ہو جائے۔

کلکیریا کارب
کیلیڈیم۔ سیلنیم۔
اگنس کاسٹس
ارجنٹم نائٹ

9۔ بوڑھوں میں جماع کی خواہش بڑھ جائے۔ لیکن وہ نامرد ہوں۔

لائیکوپوڈیم۔
سیلنیم۔
اگنس کاسٹس

بایوکیمک ادویات

1۔ نامردی

نیٹرم فاس۔
کلکیریا فاس۔
کالی فاس + نیٹرم میور

عضوِ مخصوص

علامات	دوا
1۔ عضو چھوٹا، ٹھنڈا، لٹکا ہوا اور پلپلا	کیلیڈیم۔ اگنس کاسٹس۔ سلفر۔ لائیکوپوڈیم۔ نیوفرلیٹم
2۔ عضو سرد اور اس پر ٹھنڈا پسینہ آئے۔	کیلیڈیم
3۔ عضو چھوہارے کی مانند سکڑا ہوا لیکن ایستادگی پر مکمل	ماسکس
4۔ عضو چھوٹا اور پیچھے کی طرف کھچا ہوا۔	اگنیشیا
5۔ عضو ڈھیلا اور مرجھایا ہوا۔	سنفی سائیکیریا
6۔ عضو محض چھونے، ملنے یا دبانے پر ہی ایستادہ ہو جائے۔	میوریکس۔ لیک کنائتم۔ چائنا
7۔ عضو کا اگلا سرا سُن ہو جائے یا اس پر کسی چیز کے رینگنے کا احساس ہو۔	فاسفورک ایسڈ
8۔ نامردی میں یہ احساس کہ عضو موجود ہی نہیں۔	کوکین
9۔ احساس کہ عضو رسی سے بندھا ہوا ہے۔	پلمبم
10۔ اعضائے تناسلی قبل از وقت نشوونما پانے لگیں۔	پلاٹینا

بداثرات

1۔ مادہ منویہ کے بکثرت ضائع ہو جانے سے جسمانی کمزوری۔ آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے۔ کانوں میں گھنٹیاں بجیں۔ پیٹ ہوا سے پھولا ہوا ہو۔ حالا اثرات کے لئے ترجیحی دوا ہے۔ — چائنا

2۔ مادہ منویہ ضائع ہو جانے کے مزمن اثرات۔ چکر۔ ذہنی تھکن کمر میں کمزوری۔ ٹانگوں میں بھاری پن۔ مریض اپنی صحت کی خرابی کے متعلق فکر مند رہتا ہو۔ زندگی کے معمولات سے غافل ہو جائے۔ — فاسفورک ایسڈ

3۔ کثرتِ مباشرت، کثرتِ مشت زنی کے برے اثرات۔ مریض غمگین اور لاپرواہو جائے۔ یادداشت کمزور۔ ذہن پر ہر وقت جنسی خیالات چھائے رہیں۔ — سٹفی سائیگیریا

4۔ جلق لگانے کے بداثرات، سر درد، ہاضمے کی تکلیف ہو جائے۔ کثرتِ مباشرت اور احتلام کے برے اثرات کو بھی دور کرتی ہے۔ نوجوانوں میں مشت زنی کے برے اثرات ختم کرنے کے لئے عمدہ دوا ہے۔ — نکس وامیکا

5۔ احتلام، کثرتِ جماع یا مشت زنی کی وجہ سے اعصابی کمزوری ہو جائے بعض اوقات دل کی غیر معمولی دھڑکن ہو۔ — ایوناسٹائیوا

6۔ مشت زنی سے مرگی ہو جائے۔ مرگی سے ہوش و حواس قائم رہیں۔ — فاسفورس

7۔ مادہ منویہ ضائع ہونے کے بداثرات۔ مریض قبل ازوقت بوڑھا ہو جائے۔ — اگنس کاسٹس

8۔ کثرتِ مباشرت سے فالج ہو جائے۔ — نیٹرم میور

9۔ مشت زنی، کثرتِ جماع کی وجہ سے مرگی کا دورہ پڑنے لگے۔ جماع کے دوران ہی مرگی کا دورہ پڑ جائے۔ — بیوفو

10۔ مشت زنی، کثرتِ جماع کے بداثرات جبکہ تمام جسم ڈھیلا ڈھالا ہو گیا ہو۔ معمولی حادثہ یا واقعہ سے ہاتھ پاؤں کانپنے لگیں۔ — جیلسمیم

11۔ کثرتِ مباشرت سے ریڑھ کی ہڈی میں تکلیف ہو جائے۔ — اگریکس

12۔ کثرتِ جماع اور مشت زنی کے بداثرات کی دیگر اہم ادویات۔ — پکرک ایسڈ۔ اناکارڈیم

خواہش جماع دب جانے کے بداثرات

1۔ جماع کی خواہش دب جانے سے تکلیف ہو جائے۔ — کونیم۔ پلسباٹیلا۔ ایپس۔ کیمفر

2۔ خواہش جماع دب جانے یا زندگی بھر کنوارا رہنے کے بداثرات اگر چکر بھی موجود ہوں تو یقینی دوا ہے۔ — کونیم

بایوکیمک ادویات

1۔ جماع کے بعد جسمانی اور دماغی کمزوری۔ بینائی مدہم ہو جائے۔ — کالی فاس

2۔ جماع کے بعد کمزوری — سلیشیا

ذہنی علامات

1۔ مریض اپنی صحت کی خرابی سے بہت فکرمند ہو۔ زندگی کے معمولات سے غافل ہو جائے۔ یادداشت ختم ہو جائے۔ جماع کے بعد سوچ بچار مشکل ہو جائے۔ خیالات کا سلسلہ قائم نہ رکھ سکے۔ اغلام بازی کی عادت چُھڑانے کے لئے مفید دوا ہے۔ — فاسفورک ایسڈ

2۔ مریض اپنی صحت کی خرابی سے بہت فکرمند ہو ذہن ہر وقت جنسی خیالات میں پھنسا رہے۔ اپنی تکالیف بیان کرنے کے لئے تنہائی کا خواہشمند ہو۔ مریض چڑچڑا شرمیلا اور غمگین ہو۔ — سٹفی سائیگیریا۔

3۔ جنسی خیالات کی وجہ سے رات بھر جاگتا رہے۔ بُھول چوک اکثر ہو جاتی ہو۔ ایک کام کر لینے کے باوجود مریض کو یقین نہیں آتا کہ اس نے وہ کام کیا ہے یا نہیں۔ خیالات میں یکسوئی نہیں ہوتی۔ مریض لیٹ جانے کی بے حد خواہش رکھتا ہے۔ — کیلیڈیم

4۔ مرد ہو یا عورت جماع کا خبط سر پر سوار رہتا ہو۔ کثرت مباشرت اور جلق سے مریض بزدل اور قوتِ فیصلہ سے عاری ہو جائے۔ بعض اوقات دیوانہ ہو جائے۔ — فاسفورس

5۔ جماع کی خواہش پوری نہ ہونے کی وجہ سے غمگین رہنے لگے
اور اسی وجہ سے عورتیں ہسٹریا میں مبتلا ہو جائیں۔ — کونیم

6۔ مریض کو خدشہ ہو کہ شادی کے بعد وہ ناکام ثابت ہو گا۔
بے حد غمگین ہو۔ زود رنج ہو اور بات بات پر بگڑ جائے۔
مریض خیال کرے کہ کچھ وقت کے بعد موت آجائے گی
اس لئے کوئی کام کرنا فضول ہے۔ — اگنس کاسٹس

حصہ دوم
(زنانہ)

جماع

1۔ شرمگاہ کی خشکی جماع میں رکاوٹ پیدا کرے۔

نیٹرم میور۔
لائیکوپوڈیم۔
لائی سین

2۔ شرمگاہ نہایت حساس ہو جس کی وجہ سے جماع نہ کیا جا سکے۔

پلاٹینا۔ تھوجا
کاسٹیکم۔ سیپیا۔

3۔ جماع میں لطف ہی نہ آئے۔

بربرس ولگرس
برومیم
کونیم۔

4۔ جماع کی خواہش دب جانے کے بُرے اثرات۔

سیبل سیرولیٹا

نفرت

1۔ جماع سے نفرت ہو۔ عورت شادی کا خیال تک برداشت نہ کر سکے۔

پلساٹیلا

2۔ جماع کا خیال ناقابلِ برداشت ہو۔	ہائیڈراسٹس
3۔ جماع کے خیال ہی سے بے چین اور خوفزدہ ہو جائے۔	کریازوٹ

شدید خواہش

1۔ کنواری لڑکی میں۔	پلاٹینا۔ کالی فاس
2۔ بیوہ عورت میں	اوریگانم۔ ایپس
3۔ بوڑھی عورت میں	ماسکس
4۔ حمل کے دوران	پیلاڈونا
5۔ حیض آنے سے پہلے	پیلاڈونا
6۔ حیض کے دوران	پلساٹیلا
7۔ بچے کی پیدائش کے بعد عورت جب بستر پر ہو	پیلاڈونا
8۔ جماع کی خواہش بڑھ جانے کی چند دوسری ادویات۔	نکس وامیکا۔
	کلکیریا کارب۔
	کالی فاس۔ لیکیسس۔
	گریشی اولا
	ہائیوسائیمس۔
	کینتھرس۔
	سٹرامونیم۔
	وریٹرم البم

خواہش کی زیادتی

علامت	دوا
1۔ جماع کی خواہش نہایت ہی شدید ہو۔ جنونِ شہوت ہے۔	پلاٹینا۔ اوریگانم میوریکس۔ کلکیریا کارب
2۔ جسم کے کسی حصے کو بھی اگر چھوا جائے تو جنسی خواہش بھڑک اُٹھے۔	میوریکس
3۔ جماع کی شدید خواہش جو اُسے جلق کی طرف مائل کر دے۔	اوریگانم۔ زنکم میٹ۔ میوریکس
4۔ جماع کی شدید خواہش کی وجہ سے بانجھ پن ہو جائے۔	اوریگانم۔ پلاٹینا۔ فاسفورس
5۔ جماع کی شدید خواہش جسے دبانے کے لئے اپنے آپ کو مصروف رکھے۔	للیم ٹگ

خواہش کی کمی (دیکھئے نفرت بھی)

علامت	دوا
1۔ جماع کی رغبت ہی نہ رہے۔	سیپیا۔ نیٹرم میور۔ کاسٹیکم
2۔ جماع کی خواہش کم ہو جائے۔	اِگنیشیا۔ اناسموڈیم۔ اگنس کاسٹس۔ ہیلوناس

جماع کے دوران

علامات	دوائیں
1۔ شرمگاہ میں درد ہو	بیپیا۔ نیٹرم میور۔ ارجنٹم نائٹ سٹفی سائیگیریا۔ ہیدرس ولگرس۔ فلی سین
2۔ شرمگاہ میں درد محسوس کرے۔ درد جماع کے بعد بھی رہے۔	کریاژوٹ
3۔ جماع برداشت نہ کر سکے یا جماع کے دوران غش کھا جائے۔	پلاٹینا۔ اورگانم۔ سیوریکس
4۔ شدید درد ہو جماع کے دوران شرمگاہ سے ہوا خارج ہو	لائیکوپوڈیم

جماع کے بعد

علامات	دوائیں
1۔ تکالیف بڑھ جائیں۔	اگریکس۔ سلیشیا کلکیریا کارب۔ کالی کارب سیپیا
2۔ نئی شادی شدہ عورتوں کو پیشاب کرنے کے لئے زور لگانا پڑے۔	سٹفی سائیگیریا
3۔ شرمگاہ میں درد ہونے لگے۔	کریازوٹ

4۔ شرمگاہ میں جلن ہونے لگے۔	لائیکوپوڈیم ۔ لائی سین
5۔ شرمگاہ سے بکثرت خون بہنے لگے ۔	ارجنٹم نائٹ۔
	کریازوٹ۔
	نائٹرک ایسڈ
6۔ لیکوریا شروع ہو جائے	سیپیا۔ نیٹرم کارب

بایوکیمک ادویات

1۔ خواہش جماع زیادہ ہو جائے۔	کلکیریا فاس۔
	کلکیریا فلور۔ سلیشیا
2۔ حیض آنے سے پہلے جنسی خواہش بڑھ جائے۔	کلکیریا فاس
3۔ حیض کے بعد جنسی خواہش کا غلبہ ہو جائے۔	کالی فاس
4۔ جنسی خیالات کا غلبہ رہے ۔	کلکیریا فاس
5۔ جماع سے نفرت ہو جائے۔	فیرم فاس۔
	کالی سلف
6۔ شرمگاہ گرم، خشک، جماع کے بعد درد محسوس ہو ۔	فیرم فاس
7۔ جماع کے دوران اور اس کے بعد متلی ہو جائے ۔	سلیشیا
8۔ جماع کے دوران شرمگاہ میں درد ہو ۔	فیرم فاس۔
	نیٹرم میور
9۔ جماع کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔	کلکیریا فاس

جلق
(انگشت زنی)

علامات	دوا
1۔ لڑکی میں انگشت زنی کی شدید خواہش۔	اوریگانم۔ پلاٹینا۔ گریشی اولا
2۔ جماع کی شدید خواہش یا شرمگاہ میں خارش جو اسے انگشت زنی کی طرف مائل کر دے۔	اوریگانم۔ کیلیڈیم۔ زنکم میٹ۔ میوریکس
3۔ جلق لگانے کی وجہ سے لیکوریا ہو جائے۔	پلساٹیلا
4۔ عورت جو جلق لگانے کی مرتکب رہی ہو۔ وہ شادی کے بعد جماع میں بالکل لطف محسوس نہ کرے۔	اگنس کاسٹس
5۔ شرمگاہ میں شہوانی خارش۔	اوریگانم۔ پلاٹینا۔ کریازوٹ

متفرق

علامات	دوا
1۔ جلد ہی حمل ٹھہر جائے۔	نیٹرم میور۔ مرک سال
2۔ اعضائے تناسل قبل از وقت نشوونما پانے لگیں۔	پلاٹینا

ادویات کے تعلقات

اس کتاب میں تقریباً 90 ہومیوپیتھک ادویات کا حوالہ دیا گیا ہے۔ کتاب کو مفید تر بنانے کے لئے صرف اُن ادویات کے آپس میں تعلقات درج کر دیئے گئے ہیں۔ جن کی مددگار، دافع اثر یا مخالف دوائیں بھی ان 90 ادویات میں ہی موجود ہیں۔ وہ ادویات جن کی دافع اثر ادویات تو ہیں لیکن مددگار یا مخالف ادویات نہیں ہیں انہیں اس فہرست میں شامل نہیں کیا گیا۔ کیوں کہ ترجیحی دافع اثر دوا ان ادویات کے علاوہ بھی ہو سکتی ہے جس کے لئے کسی بھی تفصیلی فہرست سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

ادویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	مخالف دوائیں
ارجنٹم نائٹ	کالی کارب۔ لائیکوپوڈیم۔ سلفر۔ سلیشیا۔ فاسفورس		
آرنیکا	کلکیریا کارب۔ ورٹیرم البم	کیمفر	
اگنس کاسٹس	کیلیڈیم۔ سیلنیم	کیمفر۔ نیٹرم میور	
اگنیشیا	نیٹرم میور۔ سیپیا۔ فاسفورک ایسڈ	کیمفر۔ آرنیکا	
انا کارڈیم	لائیکوپوڈیم۔ پلسائیٹلا۔ پلاٹینا		
آئیوڈیم	لائیکوپوڈیم۔ سلیشیا	گریشی اولا ایپس۔ تھوجا	فاسفورس
ایپس	سلفر۔ برشا کارب۔ پلسائیٹلا۔ آرنیکا نیٹرم میور	کینتھرس۔ لیکیس۔ لیڈم پال	فاسفورس
بربرس ولگرس	لائیکوپوڈیم	بیلاڈونا۔ کیمفر	
برشا کارب	سلیشیا	کیمفر۔ بیلاڈونا۔ مرک سال زنکم میٹ	کلکیریا کارب
بروسیم	ارجنٹم نائٹ۔ کالی کارب	کیمفر۔ امونیا کارب۔ اوپیم	
بیلاڈونا	کلکیریا کارب مرک سال۔ نیٹرم میور	پلسائیٹلا۔ کیمفر۔ اوپیم۔ ہائیوسائمس	
بیوفو	کلکیریا کارب	لیکیس اوپیم	

ادویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	مخالف دوائیں
پٹرولیم	سیپیا	نکس وامیکا۔ فاسفورس	
پلاٹینا	سیپیا۔ اناکارڈیم	بیلاڈونا۔ پلساٹیلا	
پلساٹیلا	لائیکوپوڈیم۔ سلیشیا۔ کالی بائی۔ سیپیا۔ زنکم میٹ	نکس وامیکا۔ اگنیشیا	
تھوجا	سلیشیا۔ مرک سال۔ نیٹرم میور۔ نائٹرک ایسڈ	سٹفی سائیگیریا	
جیلسیمیم	سیپیا۔ ارجنٹم نائٹ۔ کلکیریا فاس۔ کالی کارب	نیٹرم میور۔ ڈجی ٹیلس۔ نکس وامیکا۔ پلساٹیلا۔ سلفر۔ ویریٹرم البم	
چائنا	کلکیریا فاس۔ کالی کارب	لیکیسس۔ نیٹرم میور۔ نکس وامیکا۔ سیپیا۔ پلساٹیلا۔ سلفر۔ ویریٹرم البم	
ڈجی ٹیلس	بیلاڈونا۔ نکس وامیکا۔ سلفر	کیمفر۔ ایپس۔ کلکیریا کارب۔ اوپیم۔ نائٹرک ایسڈ	
زنکم میٹ	پلساٹیلا۔ سیپیا۔ سلفر۔ کلکیریا فاس	کیمفر۔ اگنیشیا۔	نکس وامیکا
سٹفی سائیگیریا	کاسٹیکم	کیمفر	
سیپیا	نیٹرم میور۔ فاسفورس۔ نکس وامیکا۔ نائٹرک ایسڈ نیٹرم کارب نیٹرم فاس	—	لیکیسس۔ پلساٹیلا
سیلنیم	—	اگنیشیا۔ پلساٹیلا	چائنا
سلفر	کلکیریا کارب۔ بیلاڈونا	کیمفر۔ چائنا۔ تھوجا	
فاسفورک ایسڈ	چائنا	کیمفر۔ سلفر۔ سٹفی سائیگیریا	
فاسفورس	لائیکوپوڈیم۔ کالی کارب۔ سلفر	کیمفر۔ نکس وامیکا	کاسٹیکم ایپس
فلورک ایسڈ	چائنا	کیمفر۔ سلفر۔ سٹفی سائیگیریا	
کاسٹیکم	کربوانٹس۔ سلفر۔ سٹفی سائیگیریا۔ لیکیسس	نکس وامیکا	

ادویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	مخالف دوائیں
کریازوٹ	فاسفورس۔ سلفر	نکس وامیکا	
کلکیریا کارب	بیلاڈونا۔ لائیکو پوڈیم۔ برائٹا کارب	کیمفر۔ نائٹرک ایسڈ۔ نکس وامیکا چائنا۔ سیپیا	سلفر
کونیم	فاسفورس	نائٹرک ایسڈ	
کیپسیکم	نیٹرم میور	کیمفر۔ کیلیڈیم	زنکم میٹ
کیلیڈیم	نائٹرک ایسڈ	کیپسیکم۔ اگنیشیا۔ ہائیوسائمس	
کینتھرس	لیکیس	پلسا ٹیلا	
گریفائٹس	ارجنٹم نائٹ۔ کاسٹیکم۔ لائیکوپوڈیم سلفر	نکس وامیکا۔ چائنا	
لائیکوپوڈیم	سلفر۔ لیکیس۔ کالی کارب۔ آئیوڈیم۔ اگنیشیا۔ کلکیریا کارب۔ فاسفورس	کیمفر ۔ چائنا۔ کاسٹیکم	
لیکیس	لائیکوپوڈیم۔ نائٹرک ایسڈ۔ فاسفورس۔ زنکم۔ آئیوڈیم۔ کلکیریا کارب	مرک سال	سیپیا امونیا کارب
مرک سال	بیلاڈونا۔ سیپیا، سلفر۔ نائٹرک ایسڈ	سٹفی سائیگریا	لیکیس
نائٹرک ایسڈ	کیلیڈیم۔ سیپیا۔ لائیکوپوڈیم	کونیم۔ مرک سال۔ پٹرولیم۔ سلفر	لیکیس.
نکس وامیکا	سیپیا۔ کونیم۔ کالی کارب۔ فاسفورس۔ پلسا ٹیلا۔ سلفر	کیمفر۔ اگنیشیا۔ تھوجا۔ بیلاڈونا	زنکم میٹ۔ کاسٹیکم اگنیشیا
نیٹرم میور	لیکیس۔ کیپسیکم۔ ارجنٹم نائٹ	کیمفر۔ فاسفورس۔ نکس وامیکا۔	
ورٹرم البم	آرنیکا	کیمفر ۔ چائنا	